سوال

(96) صحابہ کرام میں کسی صحابی نے بیس رکعت تراویح پڑھی ہیں کہ نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صحابہ کرام میں کسی صحابی نے بیس رکعت تراویح پڑھی ہیں کہ نہیں ؟ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

: انفرادی طور پر بعض صحابہ نے بیس بھی پڑھی ہیں۔ چالیس بھی پڑھی ہیں، مگر جماعت آٹھ ہی کی ہوتی تھی۔ کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ثانی نے تراویح کے امام کو حکم دیا تھا کہ آٹھ رکعت تراویح تین وتر مجموعہ گیارہ رکعت پڑھائیں۔ چنانچہ وہ ایسا ہی کرتے تھے، یہ مضمون مؤطا امام مالک اور قیام اللیل مروزی میں بتصریح ملتا ہے، واللہ اعلم۔ (اہل حدیث ۲۳ شوال ۱۳۶۵ھ) مفصل بحث کتاب الصلوٰۃ میں گزر چکی ہے۔ (راز) (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۱۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 330

محدث فتویٰ